① DIRECTORATE OF EDUCATION, GNCT of DELHI

MID TERM PRACTICE QUESTION PAPER

Session : 2025-26

Class : IX

Subject : Urdu - A (003)

Time : 3 hrs. M.M. : 80

عام ہدایات:

1- سبھی سوالات لازمی ہیں۔

2- ہر سوال کا نمبر اس کے سامنے درج ہے

3- جواب تحریر کرتے وقت صفائی اور خوش خط کا خاص خیال رکھیں۔

(حصّہ الف)

1- درج ذیل درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ 5x1=5

منشی صابر حسین کی آمدنی کم تھی اور خرچ زیادہ، اپنے بچّہ کے لیے دایہ رکھنا گوارا نہیں کر سکتے تھے، لیکن ایک تو بچّہ کی صحت کی فکر اور دوسرے اپنے برابر والوں سے ہیٹے بن کر رہنے کی ذلّت۔ اس خرچ کو برداشت کرنے پر مجبور کرتی تھی۔ بچّہ دایہ کو بہت چاہتا تھا۔ ہر دم اس کے گلے کا ہار بنا رہتا تھا۔ اس وجہ سے دایہ اور بھی ضروری معلوم ہوتی تھی۔ مگر شاید سب سے بڑا سبب یہ تھا کہ وہ مروّت کے باعث دایہ کو جواب دینے کی جرأت نہ کر سکتے تھے۔ بڑھیا ان کے یہاں تین سال سے نوکر تھی۔ اس نے ان کے اکلوتے بچّے کی پرورش کی تھی۔ اپنا کام دل و جان سے کرتی تھی۔ اسے نکالنے کا کوئی حیلہ نہ تھا اور خواہ مخواہ کیڑے نکالنا صابر جیسے حلیم شخص کے لیے غیر ممکن تھا مگر شاکرہ اس معاملہ میں اپنے شوہر سے متفق نہ تھی۔ اسے شک تھا کہ دایہ ہم کو لوٹے لیتی ہے۔ جب دایہ بازار سے لوٹتی تو وہ دہلیز میں چھپی رہتی کہ دیکھوں آٹا چھپا کر تو نہیں رکھ دیتی۔ لکڑی تو نہیں چھپا دیتی۔

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(a) گزرا ہوا زمانہ (b) دیہات کی زندگی (c) حج اکبر (d) خدا حافظ

(ii) بچّہ ہر وقت کس کے گلے کا ہار بنا رہتا تھا؟

(a) منشی صابر کے (b) شاکرہ کے (c) حلیم کے (d) دایہ کے

(iii) منشی صابر حسین کے یہاں بڑھیا کتنے سالوں سے نوکر تھی؟

(a) چار (b) تین (c) دو (d) پانچ

(iv) منشی صابر حسین اپنے بچّے کے لیے دایہ رکھنا کیوں گوارا نہیں کر سکتے تھے؟

(a) ان کی آمدنی کم تھی (b) ان کا گھر چھوٹا تھا

(c) بچّہ ناپسند کرتا تھا (d) ان کا گھر بڑا تھا۔

(v) شاکرہ اپنے گھر سے دایہ کو کیوں نکالنا چاہتی تھی؟

(a) سستی سے کام کرتی تھی (b) اس پر شک کرتی تھی

(c) کام صحیح نہیں کرتی تھی (d) وقت سے نہیں آتی تھی۔

2- مندرجہ ذیل نثر درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالوں کے متبادل جوابوں میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ 5x1=5

اولمپک یونانی لفظ اولمپیا سے بنا ہے۔ یونان دنیا کا ایک قدیم ملک ہے اور خوبصورت اور کشادہ وادی کا نام ہے۔ اس وادی میں ہر چوتھے سال یونان والوں کے ادبی اور ورزشی مقابلے ہوا کرتے تھے۔ اسی وجہ سے یہاں کھیلے جانے والے کھیلوں کو اولمپک کھیل کا نام دیا گیا۔ کہا جاتا ہے کہ کھیلوں کا پہلا اولمپک مقابلہ حضرت عیسیٰ کی پیدائش سے 1253 سال پہلے ہرکولیس نے شروع کیا تھا۔ اس روایت کا کوئی تاریخی ثبوت نہیں۔ تاریخی اعتبار سے یہ کہا جاتا ہے کہ یہ مقابلے 884 قبل مسیح میں شروع ہوئے اور 776 ق۔م سے ہر چار سال کے بعد پابندی کے ساتھ ہونے لگے۔ اس زمانے کے دستور کے مطابق یہ کھیل ایک مہینے تک جاری رہتے تھے۔

(i) اولمپک کس زبان کے لفظ سے بنا ہے؟

(a) ایرانی (b) یونانی (c) افریقی (d) عبرانی۔

(ii) اولمپک کھیلوں کا پہلا مقابلہ کب شروع ہوا؟

(a) 1252 ق۔م (b) 1253 ق۔م (c) 1254 ق۔م (d) 1256 ق۔م

(iii) تاریخی اعتبار سے اولمپک مقابلے کب شروع ہوئے؟

(a) 776 ق۔م (b) 775 ق۔م۔ (c) 884 ق۔م (d) 885 ق۔م۔

(iv) "قدیم" کا متضاد کیا ہے؟

(a) پرانا (b) اچھا (c) الگ (d) جدید

(v) اس زمانے کے دستور کے مطابق یہ کھیل کب تک جاری رہتے تھے؟

(a) چار مہینے تک (b) تین مہینے تک (c) ایک مہینے تک (d) دو مہینے تک

3- مندرجہ ذیل درسی شعری حصّہ کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیئے گئے سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ 5x1=5

اب سکھ کی تان سنائی دی — اک دنیا نئی دکھائی دی
اب سکھ نے بدلا بھیس نیا — اب دیکھیں گے ہم دیس نیا
جب دل نے رام دہائی دی — اک دنیا نئی دکھائی دی

(i) درج بالا شعری حصّہ شاعری کی کس صنف سے تعلق رکھتا ہے؟
(a) غزل (b) نظم (c) قطعہ (d) گیت

(ii) اس شعری حصّہ کے شاعر کا نام کیا ہے؟
(a) مرزا غالبؔ (b) میر تقی میرؔ (c) میرا جی (d) جوشؔ

(iii) درج بالا شعری حصّہ __________ سے لیا گیا ہے۔
(a) رامائن کا ایک سین (b) سکھ کی تان (c) ایک آرزو (d) تعلیم سے بے توجہی کا نتیجہ

(iv) نیا بھیس کس نے بدلا ہے؟
(a) سکھ نے (b) دکھ نے (c) رام نے (d) دنیا نے

(v) رام دہائی کس نے دی؟
(a) سینا نے (b) دماغ نے (c) دل نے (d) لبوں نے

4- مندرجہ ذیل درسی شعری حصّہ کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ 5x1=5

قدم بڑھاؤ دوستو، قدم بڑھاؤ دوستو
چلو کہ ہم کو منزلیں بلا رہی ہیں دور سے
چلو کہ سارے راستے دھلے ہوئے ہیں نور سے
چمن کھلا کھلا سا ہے
افق دھلا دھلا سا ہے
دیے جلاؤ راہ میں وطن کا نو سنگھار ہے
نئی نئی بہار ہے
قدم بڑھاؤ دوستو، قدم بڑھاؤ دوستو

سفر کی ابتدا ہے یہ، ابھی رکو نہ راہ میں
پہاڑ ہو کہ غار ہو، نہ لاؤ تم نگاہ میں۔

(i) شاعر کس کو نگاہ میں نہ لانے کی بات کہہ رہا ہے؟
(a) شریف انسانوں کو (b) پہاڑ اور غار کو
(c) محنت کشوں کو (d) آسانیوں کو۔

(4)

(ii) منزلیں ہمیں کہاں سے بلا رہی ہیں؟
(a) پہاڑ سے (b) قریب سے (c) دور سے (d) غار سے

(iii) سارے راستے کس سے ڈھلے ہوئے ہیں؟
(a) پانی سے (b) خوشبو سے (c) تیزاب سے (d) نور سے

(iv) شاعر کہاں دیے جلانے کی بات کر رہا ہے؟
(a) چمن میں (b) اسکول میں (c) راہ میں (d) میدان میں

(v) شاعر نے دھلا دھلا سا کسے بتایا ہے؟
(a) چمن کو (b) پہاڑ کو (c) غار کو (d) افق کو۔

(حصّہ ب)

5- درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر 250 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ 10
(a) قومی یکجہتی (b) جہیز ایک لعنت (c) کمپیوٹر کے فوائد

6- اسکول کی لائبریری میں بچوں کے لیے رسالے کی دستیابی کے لیے پرنسپل صاحب کے نام درخواست لکھیے

یا

اپنے دوست کو خط لکھ کر دہلی کی سیر کے لیے دعوت دیجیے۔ 4.

7- سبق "گزرا ہوا زمانہ" کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 1×4=4

یا

حالی کی نظم "تعلیم سے بے توجہی کا نتیجہ" کا خلاصہ لکھیے۔

8- نظم "رامائن کا ایک سین" کا مرکزی خیال لکھیے۔ 1×3=3

یا

میر تقی میر کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

9- خواجہ میر درد کے حالاتِ زندگی پر روشنی ڈالیے۔ 1×4=4

(حصّہ ج)

10- ضمیر کی تعریف مع مثال لکھیے اور اس کی اقسام بھی بتائیے۔ 5

یا

درج ذیل جملوں کو غور سے پڑھیے اور اسمِ عام اور اسمِ خاص کی تلاش کر کے لکھیے۔

(5)

۱- چڑیا آسمان میں اڑتی ہے۔ ________

۲- شیر جنگل میں رہتا ہے۔ ________

3- گنگا ندی پہاڑ سے نکلتی ہے۔ ________

۴- مہاتما گاندھی قوم کے بڑے لیڈر تھے ________

5- تاج محل ایک تاریخی عمارت ہے ________

۱۱- (ا) درج ذیل شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے؟ 2.

کیا وہ نمرود کی خدائی تھی

بندگی میں مرا بھلا نہ ہوا۔

(ii) تشبیہ کی تعریف مثال کے ساتھ لکھئے۔ 3.

۱2- (ا) محاورے کسے کہتے ہیں؟ مثال بھی لکھئے۔ 2

(ii) درج ذیل میں سے کسی تین محاوروں کا جملوں میں استعمال کیجئے۔ 3

(a) خوشی سے پھولا نہ سمانا (b) ہاتھ پیر پھولنا (c) دل باغ باغ ہونا

(d) ہوا سے باتیں کرنا (e) گلے کا ہار ہونا۔

-13 استعارہ کی تعریف مع مثال لکھئے۔ 3

-۱۴ وہ لفظ جو کسی جاندار یا بے جان اشیا کی مخصوص آوازوں کو ظاہر کرے اُسے کیا کہتے ہیں؟ مثال بھی لکھئے۔ 2

یا

وہ لفظ جس سے کسی مقام کا علم ہو، اُسے کیا کہتے ہیں؟ مثال بھی لکھئے۔

(حصّہ د)

15 - درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھئے۔ 2x2 = 4

(i) عباسی نے حج پر جانا کیوں ملتوی کر دیا؟

(ii) سرسیّد نے برس کی اخبرات کا ذکر کس طرح کیا ہے؟

(iii) شہر کے مقابلے گاؤں کی زندگی کس طرح مختلف ہوتی ہے؟

(iv) میر صاحب سفر سے پہلے کیوں گھبرا رہے تھے؟

16 - درج ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جواب تحریر کیجیے۔ 2×2 = 4

(i) تعلیم کی قدر و قیمت کیا ہے؟

(ii) شاعر نے گریہ آنے کا کیا سبب بتایا ہے؟

(iii) "راہِ وفا کی منزل اوّل ہوئی تمام" یہ کہہ کر شاعر نے کس طرف اشارہ کیا ہے؟

17 - درج ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جواب تحریر کیجیے۔ 2×2 = 4.

(i) مرغزاروں میں دکھاتی جوئے شیریں کا خرام
وادیوں میں ابر کے مانند منڈلاتی ہوئی

اس شعر کا مطلب لکھیے۔

(ii) شاعر نے زندگی کو طوفان کیوں کہا ہے؟

(iii) شاعر کو کس راز کے کھل جانے کا خوف ہے؟

18 - درج ذیل اصناف میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیے۔ 1×3 = 3

(i) نظم (ii) انشائیہ۔

—— x —— x ——